سوال

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ مولانا وحید الدین خان صاحب کون ہیں۔ ؟ اور کس مسلک سے تعلق رکھتے ہے۔ ؟

جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مولانا وحید الدین خان صاحب معروف انڈین عالم دین اور مذہبی اسکالر ہیں۔ ان کی تحریروں میں دو عنصر بہت نمایاں ہیں ایک تذکیر اور دوسرا تجدید کا، پہلا محمود جبکہ دوسرا مذموم ہے۔ آپ مولانا مودودی رحمہ اللہ کے قریبی ساتھیوں میں سے تھے۔ بعد ازاں جماعت اسلامی سے فکری اختلاف کی بنیاد پر علیحدہ ہوگئے اور مولانا مودودی رحمہ اللہ کے رد میں 'تعبیر کی غلطی' نامی کتاب لکھی۔

'الرسالہ' اور 'تذکیر' کے نام سے دو ماہنامہ رسالے انڈیا اور پاکستان سے نکلتے ہیں۔ کئی ایک کتابوں کے مصنف بھی ہیں۔ ان کی ویب سائیٹس پر ان کے رسالہ جات اور کتب دستیاب ہیں، جن سے ان کے متجددانہ افکار کی نشاندہی ہوتی ہے۔ ان کی تحریروں خصوصاً سوال وجواب سے معلوم ہوتا ہے کہ مولانا علمی وذہنی بڑائی کی بیماری کا بھی شکار ہیں۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے

حدیث

جلد 2 کتاب الصلوۃ